14303- مسلسل پیشاب کی بیماری میں مبتلا شخص کے لیے نمازیں جمع کرنے کا حکم

سوال

لیٹرین جانے اور استنجاء کرنے کے بعد پیشاب کے قطرے آنے والے شخص کے متعلق شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کا فتوی ہے کہ وہ نماز کا وقت شروع ہونے کے بعد وضوء کرے.

میرا سوال یہ ہے کہ : اگر مسلمان شخص سفر کی بنا پر نمازیں جمع کرے اور دونوں نمازوں کے درمیان اسے پیشاب کے قطرے آجائیں مثلا اس نے ظہر کی نماز ادا کرلی لیکن نماز عصر کی اقامت ختم ہونے سے قبل یا نماز ظہر کے دوران کسی بھی وقت یعنی نماز عصر سے قبل تو کیا اسے نماز عصر کے لیے دوبارہ وضوء کرنا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو مسلسل پیشاب کی بیماری میں وقفہ نہیں بلکہ ہر وقت پیشاب جاری رہتا ہے اور دوران نماز بھی نہیں رکتا تو وہ اسی وضوء کے ساتھ نماز عصر ادا کرلے اور اسے دوبارہ وضوء نہیں کرنا پڑے گا.

لیکن اگر پیشاب کے تسلسل میں وقفہ ہوتا ہو اور دونوں نمازوں کے درمیان کچھ قطرے پیشاب آجائیں تو اسے دوبارہ وضوء کرنا ہوگا.

واللہ اعلم.